(Pages : 6)

**ME 304**

Sl. No.

# SSLC MODEL EXAMINATION, FEBRUARY - 2024

## URDU

First Language - Paper I

Time : 1½ Hours | Total Score : 40

**വിദ്യാർത്ഥികൾക്കുള്ള പൊതു നിർദ്ദേശങ്ങൾ :**

- ആദ്യത്തെ 15 മിനുട്ട് സമാശ്വാസ സമയമാണ്. ഈ സമയം ചോദ്യങ്ങൾ വായിക്കുന്നതിനും ഉത്തരങ്ങൾ ആസൂത്രണം ചെയ്യുന്നതിനും ഉപയോഗിക്കേണ്ടതാണ്.
- 1 മുതൽ 4 വരെ ചോദ്യങ്ങളിൽ ഏതെങ്കിലും 3 എണ്ണത്തിന് മാത്രം ഉത്തരമെഴുതുക.
- 5 മുതൽ 8 വരെ ചോദ്യങ്ങളിൽ ഏതെങ്കിലും 3 എണ്ണത്തിന് മാത്രം ഉത്തരമെഴുതുക.
- 9 മുതൽ 15 വരെ ചോദ്യങ്ങളിൽ ഏതെങ്കിലും 5 എണ്ണത്തിന് മാത്രം ഉത്തരമെഴുതുക.
- 16 മുതൽ 21 വരെ ചോദ്യങ്ങളിൽ ഏതെങ്കിലും 4 എണ്ണത്തിന് മാത്രം ഉത്തരമെഴുതുക.
- ഉത്തരം എഴുതുമ്പോൾ സ്കോർ, സമയം എന്നിവ പരിഗണിക്കണം.

Score

3x1=3

1 سے 4 تک کے سوالوں میں سے کسی 3 کے جواب لکھیے۔

1 — .1 نظم 'ہاتھوں کا ترانہ' آپ نے پڑھی ہے نا؟ اس کا شاعر کون ہے؟

[علاّمہ اقبال، نظیر اکبر آبادی، علی سردار جعفری]

1 — .2 کسان 'شنکر' کس کہانی کا کردار ہے؟

[انڈا ہے یا دانہ، عقلمند مچھیرا، سوا سیر گیہوں]

1 — .3 فضا ویران ہے گرمی کی شدّت ہے زمانے میں

مگر مصروف ہیں بیچارے دہقان ہل چلانے میں

اس شعر میں شاعر کس کے بارے میں بیان کرتے ہیں؟

[بنجارے لوگ، کسان لوگ، امیر لوگ]

Score

1 4. ان میں سے صحیح جملہ چن کر لکھیے۔

☆ میں ایک محنتی کسان ہے۔ ☆ میں ایک محنتی کسان ہیں۔

☆ میں ایک محنتی کسان ہوں۔

3x2=6 5 سے 8 تک کے سوالوں میں سے کسی 3 کے جواب لکھیے۔

2 5. جملے غور سے پڑھیے۔ان میں سے مزدوروں کی اہمیت پر لکھے ہوئے جملے الگ لکھیے۔

☆ مشینوں کے پہیّوں کی روانی ان سے ہے۔

☆ یہ سارے عالم کے دشمن ہیں۔

☆ یہ دنیا کے چلانے والے ہیں۔

☆ یہ نیک اور بد کو نہیں جانتے ہیں۔

2 6. اشعار غور سے پڑھیے ان میں سے کسانوں کے بارے میں لکھا ہوا شعر چن کر لکھیے۔

☆ یہی دہقان چلاتے ہیں جو ہل بنجر زمینوں میں
چراغِ آرزو سے دل ہے روشن ان کے سینوں میں

☆ وہ بھوک کی مسجد میں روٹی کی عبادت تھی
وہ درد کے گرجا میں انسان کی خدمت تھی

☆ ہم وطن کے نوجوان ہیں ہم سے جو ٹکرائے گا
وہ ہماری ٹھوکروں سے خاک میں مل جائے گا

2 7. مکالمے غور سے پڑھیے اور مناسب کردار کا نام جوڑ کر لکھیے۔

[رحمت ، شنکر ، سپاہی]

| | |
|---|---|
| مجھے قیمت نہ دیجیے بابوجی! منّی جیسی میری بھی بیٹی ہے۔ | .......... |
| اری بڑھیا! دور جاؤ یہاں سے۔ یہ راجا کا حکم ہے ! روکنے والوں کو ہم تلوار کا نشانہ بنادیں گے۔ | .......... |

Score

8. چند شاعر اور افسانہ نگاروں کے نام دیے گئے ہیں۔ ان کو الگ خانوں میں لکھیے۔ 2

[نظری اکبر آبادی، پریم چند، مرزا غالب، علی عباس حسینی]

| شاعر | افسانہ نگار |
|---|---|
| | |

9 سے 15 تک کے سوالوں میں سے کسی 5 کے جواب تین چار جملوں میں لکھیے۔ 5x3=15

9. یوگا سے جسم اور اعضائے بدن متوازن رہتے ہیں۔ یوگا خالص ہمارے ملک کی دین ہے۔ 3

بچّو، یوگا کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں؟ لکھیے۔

10. 3

مفلس کا درد، دل میں کوئی ٹھانتا نہیں
مفلس کی بات کو بھی کوئی مانتا نہیں

(a) بچّو، اس شعر کا شاعر کون ہے؟

(b) اس میں مفلس لوگوں کے بارے میں شاعر کیا کہتے ہیں؟

شعر کا مطلب اپنے الفاظ میں لکھیے۔

11. 'کسان اپنے لیے ہی نہیں بلکہ ساری دنیا کے لیے محنت کرتے ہیں۔ 3

وہ دن بھر کام کر کے لوگوں کی بھوک مٹاتے ہیں'۔

بچّو، اس پر آپ کی رائے کیا ہے؟ ایک نوٹ لکھیے۔

12. 'کیا تم نے مجھے بوڑھا سمجھ رکھا ہے؟ میں اب بھی تندرست ہوں'۔ 3

بچّو، بوڑھا گووندا ایسا کیوں کہتے ہیں؟ آپ کے خیالات لکھیے۔

Score

3 13. ہمارے دیس میں مختلف تہوار مناتے ہیں۔ تہوار ہماری تہذیب اور بھائی چارگی کی نشانی ہے۔

(a) دیس کے دو تہواروں کے نام لکھیے۔

(b) کسی ایک تہوار کے بارے میں مختصر نوٹ لکھیے۔

3 14. عبارت غور سے پڑھیے۔ اشاروں کی مدد سے تین سوالات تیار کیجیے۔

ایک مسافر اس راستے سے گزر رہا تھا۔ اس نے دیکھا کہ بچوں کے ہاتھ میں ایک انوکھی چیز ہے۔ جو ایک انڈے کے برابر تھی۔

یہ عجیب چیز ہم بادشاہ کی خدمت میں پیش کریں گے۔ مسافر نے بچوں سے کہا۔

وہ بادشاہ کے خدمت میں حاضر ہوا۔ یہ چیز دیکھ کر بادشاہ کو تعجب ہوا۔

اشارے [کیا، کون، کہاں، کیوں، کیسا]

3 15. جنگل کی بربادی، آلودگی، غیر سائنسی شہر کاری وغیرہ کی وجہ سے دن بہ دن فطرت کی بربادی ہو رہی ہے۔

بچّو، فطرت کو برباد کرنے کے خلاف، تین نعرے تیار کیجیے۔

جیسے: | پیڑ لگاؤ، فطرت کو بچاؤ |

4x4=16 **16 سے 21 تک کے سوالوں میں سے کسی 4 کے جواب چار پانچ جملوں میں لکھیے۔**

16. یوم جمہوریہ کے پریڈ میں شرکت کرنے کے بعد ارون بابو خوشی خوشی دلّی سے گھر واپس آیا۔

ارون بابو کو دیکھ کر بہن شالنی پوچھنے لگی۔۔۔

شالنی : ارون بھیّا! آپ کا سفر کیسا تھا؟

ارون : ....................................

بچّو، شالنی اور ارون کی گفتگو آگے بڑھایئے۔

CONTINUE....

Score

4

17. اشعار غور سے پڑھیے۔

ان ہاتھوں کی تعظیم کرو
ان ہاتھوں کی تکریم کرو
دنیا کے چلانے والے ہیں
ان ہاتھوں کو تسلیم کرو

شاعر ان اشعار میں کس کے بارے میں بیان کرتے ہیں؟ دنیا کے چلانے والے کون ہیں؟

اشعار کا مفہوم اپنے الفاظ میں لکھیے۔

4

18. اشاروں کی مدد سے منشی پریم چند کے بارے میں ایک سوانحی نوٹ تیار کیجیے۔

**منشی پریم چند**

| | | |
|---|---|---|
| اصل نام | : | دھنپت رائے |
| شہرت | : | اردو اور ہندی کے مشہور افسانہ اور ناول نگار |
| پیدائش | : | ۳۱/جولائی ۱۸۸۰ء بنارس کے لمہی گاؤں میں |
| مشہور افسانے | : | دو بیل، منتر، پوس کی رات |
| مشہور ناول | : | نرملا، بیوہ، گئودان |
| انتقال | : | ۸/اکتوبر ۱۹۳۶ء کو بنارس میں |

4

19. ڈراما 'عقلمند مچھیرا' آپ نے پڑھا ہے نا؟

(a) اس ڈرامے کے دو کرداروں کے نام لکھیے۔

(b) کسی ایک کردار کے بارے میں نوٹ لکھیے۔

Score

4 .20 روشن تھی اندھیروں میں جو ماں کی صداؤں سی
وہ پیاس کے مندر میں برسات کی مورت تھی
بچّو، اس شعر میں مدر تریسا کے بارے میں بیان کرتے ہیں۔

مدر تریسا کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں؟ ایک نوٹ لکھیے۔

4 .21 دلّی کے مختلف مقامات کے سفر کے بعد رینا پرکاش نے اپنا سفر نامہ لکھنا شروع کیا۔
بچّو، آپ نے بھی زندگی میں کوئی سفر کیا ہو گا۔
پسندیدہ سفر کے حالات بیان کرتے ہوئے ایک سفر نامہ تیار کیجیے۔

-oOo-